سوال

(190) ٹیلی نار کمپنی کا اکاونٹ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ٹیلی نار کمپنی نے اکاونٹ کی سہولت دی ہے۔ جس اکاونٹ ہولڈر کی رقم ۲۰۰۰ یا اس سے زائد ہو اس کو روزانہ ۶۰ منٹ اور میسج ملتے ہیں۔ کم رقم ہونے پر نہیں۔ کیا یہ سود ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر تو اس میں سود کی کوئی صورت سمجھ میں نہیں آتی ہے، کیونکہ یہ بھی دیگر کی طرح کا ایک پیکج ہے اور پھر یہ جو60 منٹ ملتے ہیں یہ بالکل فری نہیں ہیں بلکہ میرے علم کے مطابق اس پر بھی شاید کوئی کٹوتی ہوتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ دیگر سروسز وہ مہنگی کر دیتے ہیں، اور ساٹھ منٹس کے بعد کال بھی مہنگی ہو جاتی ہے۔ اس حوالے سے اگر مزید تفصیلات مہیا ہو جائیں تو معاملہ مزید نکھر سکتا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی